@SachNewsJKL @SachNewsJKL @SachNewsJKL @SachNewsJKL @SachNewsJKL

# THE DAILY "SACH" (J&K)

R.N.I. No: 43819/84
email: thedailysach@gmail.com

بیادگار ماسٹر روشن لعل و کرشن لعل گپتا


0191-2572550/2572578
(M) 9796117777

صادق ہوا اپنے قول کا غالب خدا گواہ کہتا ہوں سچ کہ جھوٹ کی عادت نہیں مجھے

# روزنامہ سچ جموں کشمیر

Editor-in-Chief: Raghunandan Kumar

ایڈیٹرانچیف: رگھونندن کمار



گمبھیر نے روہت اور وراٹ کا دفاع کیا

8



سیم کونستاس کے خلاف ہندوستانیوں کا رویہ پسند نہیں آیا: میکڈونلڈ

8

Postal Regd. No. L-29/JK-64/24-26

جلد نمبر 86 ☆ شمارہ نمبر 05 ☆ سوموار ☆ 06 جنوری 2025 ☆ صفحات: 08 ☆ قیمت: 2 روپے

Website: www.dailysach.in


# کشمیر میں تازہ برف باری، فضائی ٹرانسپورٹ متاثر

## اگلے 24 گھنٹوں تک درمیانی درجے کی برفباری کی پیشگوئی، 06 جنوری کے بعد دوپہر سے موسم میں بہتری کا امکان



سری نگر 05 جنوری (یواین آئی) وادی کشمیر میں تازہ برف باری کی وجہ سے معمولات زندگی ٹھپ ہو کر رہ گئے ہیں اور وادی کا فضائی ٹرانسپورٹ بھی متاثر ہو کر رہ گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے ایک ترجمان نے بتایا کہ وادی میں اگلے چوبیس گھنٹوں کے دوران بالائی اور میدانی علاقوں میں مزید برف و باراں کا امکان ہے۔ اطلاعات کے مطابق محکمہ موسمیات کے پیشین گوئی کے عین مطابق اتوار کی صبح سے وادی کے بالائی علاقوں بشمول سیاحتی مقامات پر برف باری کا سلسلہ شروع ہوا۔ نامہ نگار نے بتایا کہ شمالی کشمیر کے مشہور سیاحتی مقام گلمرگ میں تازہ برف باری کی وجہ سے زمین پر سفید چادر بچھ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بارہ مولہ، اوڑی، سوپور، پٹن، کپواڑہ اور ٹنگمرگ میں بھی برف باری کا سلسلہ جاری ہے۔ یہ رپورٹ فائل کرنے تک ٹنگمرگ میں چار انچ اور گلمرگ میں سات انچ برف ریکارڈ کی گئی۔ شمالی کشمیر کے دور افتادہ علاقوں میں تازہ برف باری کی وجہ سے معمولات زندگی ٹھپ ہو کر رہ گئے جبکہ بجلی نظام بھی متاثر ہوا ہے۔ جنوبی کشمیر سے نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ مشہور سیاحتی مقام پہلگام میں تازہ برف باری کی وجہ سے سیاحوں کے چہرے کھل اٹھے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی کشمیر کے کولگام، شوپیاں، بڈگام اور اننت ناگ میں بھی برف باری ہو رہی ہے۔ وسطی ضلع بڈگام کے چرار شریف، پکھر پورہ، یوس مرگ، پارس آباد اور دودھ پتھری میں بھی سہ پہر کے بعد برف باری ہوئی جس کے نتیجے میں شاہراوں پر پھسلن پیدا ہوئی ہے۔ جموں وکشمیر کی گرمائی راجدھانی سری نگر میں اتوار بعد دوپہر بارشوں کا سلسلہ شروع ہوا جس وجہ سے سردی کی شدت میں اضافہ ہوا ہے۔ وادی میں برف باری سے لوگ گونا گوں مشکلات سے دوچار ہونے کے باوجود خوش نظر آ رہے ہیں کیونکہ وادی میں خاص طور پر کسان طبقہ برف باری کے لئے کافی مدت سے دعائیں کر رہے تھے۔ خشک موسمی صورتحال سے جہاں وادی میں لوگ مختلف بیماریوں جیسے خشک کھانسی وغیرہ میں مبتلا ہو رہے تھے وہیں فصلیں بھی تباہی کے دہانے پر تھیں۔ وادی میں موجود بیرونی سیاحوں کو برف باری سے لطف اندوز ہوتے ہوئے دیکھا گیا۔ شہرہ آفاق سیاحتی مقام گلمرگ، پہلگام، سونہ مرگ، دودھ پتھری میں موجود سیاحوں کو برف میں کھیلتے، ناچتے گاتے ہوئے دیکھا گیا۔ اہلیان وادی نے ایک بار پھر اپنی مشہور دہر مہمان نوازی کا مظاہرہ کر کے برف میں درماندہ سیاحوں کے لئے قیام وطعام کا بندوبست کیا۔ دریں اثنا وادی کشمیر میں اتوار کو لگاتار تیسری صبح بھی گہری دھند چھائی رہنے سے فضائی ٹرانسپورٹ متاثر ہو کر رہ گیا۔ حکام نے بتایا کہ دھند سے حد نگاہ کم ہونے کی وجہ سے سری نگر کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر اتوار کی صبح بھی فلائٹ آپریشن متاثر ہوا۔ انہوں

## وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کشتواڑ کے ملوارون میں آتشزدگی سے متاثرہ کنبوں کیلئے رہائشی اِمداد کی منظوری حاصل کی



جموں/ مرکزی حکومت نے پردھان منتری آواس یوجنا گرامین (پی ایم اے وائی۔ جی) کے تحت ضلع کشتواڑ کی وادی وروان کے ملواروں گاؤں میں آتشزدگی کے متاثرین کو رہائشی اِمداد فراہم کرنے کے لئے ایک خصوصی پروجیکٹ کو منظوری دی ہے۔ گزشتہ برس 15 / اکتوبر کو لگنے والی تباہ کُن آگ نے متعدد مکانات کو تباہ کیا تھا جس سے متعدد کنبے بے گھر ہو گئے تھے۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ، جنہوں نے 16 / اکتوبر کو عہدہ سنبھالا، نے اَگلے دِن فوری طور پر متاثرہ علاقے کا دورہ کیا اور متاثرین کو طویل مدتی بحالی کی یقین دہانی کی۔ اُنہوں نے ان کنبوں کو اَپنے گھروں کی تعمیر نو اور اُن کی زندگی کو بحال کرنے میں مدد کے لئے مرکزی حکومت سے مدد حاصل کرنے کا بھی وعدہ کیا۔ اِس خصوصی ہاؤسنگ پیکیج کی منظوری وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی مرکزی حکومت سے اپیل کے بعد دی گئی ہے جس میں متاثرہ کنبوں کی طویل مدتی بازآبادکاری کے لئے اِضافی مالی اِمداد کی درخواست کی گئی تھی۔ وزیر اعلیٰ نے پی ایم اے وائی۔ جی کے تحت ہاؤسنگ اِمداد کی فوری ضرورت پر زور دیا تاکہ کنبوں کو اَپنے گھروں کی تعمیر نو اور معمول پر آنے میں مدد کی جا سکے۔ اِس سلسلے میں وزارت دیہی ترقی، محکمہ دیہی ترقی (رورل ہاؤسنگ ڈویژن) نے جموں وکشمیر یوٹی حکومت کے سیکرٹری دیہی ترقی محکمہ کو باضابطہ طور پر اِس منظوری سے آگاہ کیا ہے۔ مواصلات کے مطابق مالی برس 25-2024ء کے لئے خصوصی پروجیکٹ کے تحت 85 مکانات (جن میں پہلے پی ایم اے وائی۔ جی سے فائدہ اٹھانے والے 7 اَفراد بھی شامل ہیں) مختص کئے گئے ہیں۔

## نائب وزیر اعلیٰ نے سب ڈِسٹرکٹ ہسپتال سندربنی کا اَچانک معائینہ کیا



سندربنی / نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے آج سب ڈِسٹرکٹ ہسپتال سندربنی کا اچانک معائینہ کیا اور اِنسٹی چیوٹ میں مریضوں کو فراہم کی جارہی صحت خدمات کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ اِس موقعہ پر نائب وزیر اعلیٰ نے ہسپتال کے مختلف وارڈوں کا دورہ کیا اور اُنہوں نے وہاں موجود سہولیات کے بارے میں مریضوں سے بات چیت کی ۔ اُنہوں نے اُنہیں صحت خدمات کو بڑھانے اور اُن کی ضروریات کو مؤثر طریقے سے پورا کرنے کے لئے حکومت کے عزم کا یقین دِلایا۔ اُنہوں نے ہسپتال میں صفائی ستھرائی کی صورتحال پر برہمی کا اِظہار کرتے ہوئے بلاک میڈیکل آفیسر (بی ایم او) کو ہدایت دی کہ وہ ہسپتال میں صفائی ستھرائی کو یقینی بنانے کے لئے فوری اَقدامات کریں۔ اُنہوں نے کہا کہ صفائی ایک بنیادی ضرورت ہے اور مریضوں اور عملے کے لئے یکساں طور پر محفوظ اور صحت مند ماحول پیدا کرنے کے لئے اسے ترجیح دی جانی چاہیے۔ نائب وزیر اعلیٰ نے ہسپتال حکام کو ہدایت دی کہ وہ مریضوں کے مناسب علاج معالجے کو یقینی بنائیں اور حفظان صحت کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھیں۔ سریندر کمار چودھری نے ہسپتال میں جاری تعمیراتی کام کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے اس کی تکمیل کے لئے ایک واضح وقت مقرر کیا۔ اُنہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وہ تمام تعمیراتی کام 31 / مارچ 2025ء تک یا اس سے پہلے مکمل کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ اَپ گریڈ شدہ انفراسٹرکچر عوام کو بلا تاخیر دستیاب ہو۔

## سیکرٹری دیہی ترقی محکمہ نے کھیر بھوانی مندر میں یاتری نواس کے کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا



گاندربل / سیکرٹری دیہی ترقی محکمہ اور پنچایتی راج اعجاز اسد نے آج تولہ مولہ گاندربل میں ماتا کھیر بھوانی مندر میں یاتری نواس کی تعمیراتی جگہ کا دورہ کیا اور اِس پروجیکٹ کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران سیکرٹری موصوف کے ہمراہ ضلع ترقیاتی کمشنر گاندربل شیامبیر، ایگزیکٹیو اِنجینئر آر اِی ڈبلیو گاندربل حامد اِقبال، اے سی ڈِی گاندربل ڈاکٹر بشیر احمد، اے اِی اِی آر اِی ڈبلیو گاندربل اِلیاس مرزا، بی ڈِی او گاندربل گوہر آرزو اور محکمہ کے دیگر اَفسران بھی تھے۔ سیکریٹری نے پروجیکٹ کی تمام تفصیلات طلب کیں اور اِس کے مطابق متعلقہ ایگزیکٹیو اِنجینئر نے اُنہیں بتایا کہ آنے والا یاتری نواس ایک جی پلس ٹو فریم ڈھانچہ ہوگا جو میلہ کھیر بھوانی کے وقت یاتریوں کے لئے جگہ کی ضروریات کے مسئلے کو کافی حد تک حل کرے گا ۔ اِس عمارت میں ایک وقت میں تقریباً 900 سے 1000 یاتریوں کے بیٹھنے کی گنجائش ہوگی اور اِس کی تعمیر 2.80 کروڑ روپے کی مختص لاگت سے کی جارہی ہے۔ اعجاز اسد نے ایگزیکٹیو اِنجینئر پر زور دیا کہ وہ منصوبے کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کے لئے کوششیں دوگنا کریں۔ اُنہوں نے ایگزیکٹیو اِنجینئر کو ہدایت دی کہ اگر ٹرسٹ کی طرف سے کلیئرنس کی ضرورت ہو تو اسے ضلع ترقیاتی کمشنر گاندربل کے پاس لائیں تاکہ اِس منصوبے کو جلد از جلد مکمل کیا جاسکے۔ سیکرٹری موصوف نے اَفسران پر زور دیا کہ وہ مزید تاخیر سے بچنے کے لئے ٹائم لائن پر سختی سے عمل کریں۔ اُنہوں نے یاتریوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لئے منظور شدہ وقت کے اَندر منصوبے کو مکمل کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔

## نائب صدر کی ملک دشمن طاقتوں سے چوکنا رہنے کی اپیل

نئی دہلی، 5 جنوری (یواین آئی) نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے ملک دشمن طاقتوں سے چوکنا رہنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ 'ملک سب سے پہلے' کا نظریہ ہی واحد نظریہ ہونا چاہئے۔ نائب صدر جمہوریہ ہند جگدیپ دھنکھڑ نے آج کہا کہ ہماری قومی تبدیلی کی بنیاد پانچ طاقتور ستونوں یعنی سماجی ہم آہنگی، خاندانی روشن خیالی، ماحولیاتی شعور، سودیشی اور شہری فرائض پر منحصر ہے۔ یہ پانچ عزائم یعنی ہمارا پنچ پران ہمارے معاشرے کی رگوں میں بہہ رہے ہیں اور قوم پرستی کے ناقابل تسخیر جذبے کو فروغ دے رہے ہیں۔ وہ ہمیں ایک ایسے سفر پر لے جاتے ہیں جو ذاتی ذمہ داری، روایتی اقدار اور ماحولیاتی شعور کو ثقافتی فخر، اتحاد اور خود انحصاری کے ساتھ متحد کرتا ہے۔ پنچ پران کے بارے میں مزید وضاحت کرتے ہوئے مسٹر دھنکھڑ نے کہا کہ سماجی ہم آہنگی، جو تنوع کو قومی اتحاد میں تبدیل کرتی ہے، ضروری ہے۔ نچلی سطح پر حب الوطنی کی اقدار کو فروغ دینے کا آغاز ہمارے خاندانوں کے اندر روشن خیالی سے ہونا چاہیے۔ خاندان وہ نرسری ہے جہاں ان شاندار خصوصیات کو پروان چڑھایا جاتا ہے۔ بھارت ماتا کا احترام کرتے ہوئے ہمیں ایک پائیدار ماحول کی حفاظت، تحفظ اور تخلیق بھی کرنی چاہیے۔ سودیشی اور خود انحصاری آتم نربھر بھارت کی علامت ہیں، اور انھیں فعال طور پر فروغ دیا جانا چاہیے۔ آخر میں، شہری فرائض کو ہر شہری کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا چاہیے۔ یہ پانچ اقدار ذمہ داری، اقدار اور شعور کے ذریعے ایک مضبوط قوم پرستی کا جذبہ پیدا کریں گی۔ ہر روز ان پر عمل کریں اور ہماری جمہوری اقدار کی حفاظت کے لیے ملک دشمن قوتوں کے خلاف چوکس رہیں۔ نائب صدر جمہوریہ نے آج دہلی کینٹ کے ڈی جی این سی سی کیمپ کے ہیڈکوارٹر ڈی جی این سی سی کیمپ میں این سی سی یوم جمہوریہ کیمپ 2025 کے افتتاح کے موقع پر این سی سی کیڈٹس سے خطاب کرتے ہوئے ان سے اپیل کی کہ وہ ہندوستان کی جمہوری اقدار کے تحفظ کے لیے ملک دشمن طاقتوں کے خلاف چوکس رہیں۔

## چیف سیکرٹری نے "جے کے سمادھان" شکایت پورٹل پر نمٹانے کے معیار کا جائزہ لیا



جموں/ چیف سیکرٹری اَٹل ڈولو نے جموں وکشمیر کے مختلف محکموں اور ڈِپٹی کمشنر دفاتر کے ذریعے شکایات کو نمٹانے کے معیار کا جائزہ لینے کے لئے تمام اِنتظامی سیکرٹریوں اور ضلع ترقیاتی کمشنروں کی ایک میٹنگ طلب کی۔ دورانِ میٹنگ چیف سیکرٹری نے "جے کے سمادھان" شکایت پورٹل کا لائیو مظاہرہ کیا تاکہ یہاں کے شہریوں کی طرف سے درج کی گئی کچھ شکایات کو دیکھا جاسکے۔ اُنہوں نے اِس موقعے پر متعلقہ محکموں کی جانب سے دیئے گئے جوابات کے معیار کے علاوہ شکایات کو دُور کرنے کی ٹائم لائن کا جائزہ لیا۔ اُنہوں نے اِنتظامی سربراہوں کو ہدایت دی کہ وہ اپنے محکموں کے خلاف شکایات کو دُور کرنے کے معیار کی نگرانی کے لئے ایسے نوڈل افسروں کو تعینات کریں جو ڈپٹی سیکرٹریوں کے رینک سے کم نہ ہوں۔ اُنہوں نے مزید کارروائی کے لئے شکایات کا مواد تسلی بخش نہ ہونے کی صورت میں شکایات کو قبل از وقت بند کرنے کے بجائے شہریوں سے وضاحت طلب کرنے پر زور دیا۔ اَٹل ڈولو نے ضلع اِنتظامیہ پر بھی زور دیا کہ وہ رہائشیوں میں "جے کے سمادھان" پورٹل کی مقبولیت میں اضافہ کرے تاکہ اُن کے لئے شکایت کے اِندراج میں آسانی ہو۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ شہریوں کی رجسٹریشن میں اِضافہ کرنے کے علاوہ پورٹل پر تمام شکایات کو اَپ لوڈ کی جائیں چاہے اُنہیں اُن کے دفاتر میں فزیکلی موصول ہی کیوں نہ ہوں۔ چیف سیکرٹری نے محکمہ عوامی شکایات پر بھی زور دیا کہ وہ اِنتظامی سربراہان اور ضلع ترقیاتی کمشنروں کو ان کے متعلقہ محکموں اور اَضلاع سے متعلق تجزیاتی ڈیش بورڈ تک رَسائی فراہم کریں۔ اُنہوں نے اُنہیں اس برس فروری تک پورٹل کے اے آئی پر مبنی اَپ ڈیٹ شدہ ورژن کے ساتھ تیار ہونے کا حکم دیا۔ اِس موقعہ پر سیکرٹری عوامی شکایات اعجاز اسد نے چیف سیکرٹری کو عوامی شکایات پورٹل کا مظاہرہ پیش کیا۔ اُنہوں نے اِنکشاف کیا کہ اِس وقت بی آئی ایس اے جی۔ این کے ذریعے آرٹیفیشل اِنٹلی جنس پر مبنی ایک زیادہ جامع ورژن "جے کے سمادھان 2.0" تیار کیا جارہا ہے جو اِس سال فروری تک تیار ہو جائے گا۔ اُنہوں نے چیف سیکرٹری کی طرف سے پہلے دی گئی مختلف ہدایات پر کی گئی ایکشن ٹیکن رِپورٹ کے حوالے سے بتایا کہ ایک تجزیاتی ڈیش بورڈ بنایا گیا جس کا مظاہرہ بھی میٹنگ میں کیا گیا۔

## پونچھ کے سب ڈویژن مینڈھر کے بیشتر پنچایتوں کے اندر پنچائیت گھر زیر تعمیر

### مقامی لوگوں کے ساتھ پنچایت ممبران بھی پریشان حال، کام جلد مکمل کرنے کا مطالبہ

جموں/ 05 جنوری // جموں صوبے کے پونچھ ضلع کے سب ڈویژن مینڈھر کے بیشتر پنچائتوں کے اندر پنچائت گھر زیر تعمیر ہیں جس کی وجہ سے پنچائت ممبران و علاقائی عوام کو بہت ساری مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ سی این آئی کو نمائندے نے اس ضمن میں تفصیلات فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ پونچھ ضلع کے سب ڈویژن مینڈھر کے بیشتر پنچائتوں کے اندر پنچائت گھر زیر تعمیر ہیں اور کام نہ مکمل ہونے سے لوگوں کو مشکلات درپیش ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاکھوں روپے سرکار کی جانب سے دیئے گئے تھے کہ پنچائتوں کے اندر پنچائت گھر بنائے جائیں تاکہ اس کے اندر سرکار کی طرف سے دیا گیا سامان لگا کر علاقائی عوام کو سہولیات دستیاب کروائی جائیں تاہم اس کے باوجود بھی بیشتر پنچائتوں کے اندر پنچائت گھروں کا کئی سالوں سے کام چل رہا ہے جو مکمل ہونے کا نام ہی نہیں لے رہا ہے۔ نمائندے کے مطابق علاقائی عوام نے کئی بار متعلقہ انتظامیہ سے اپیل کی کہ زیر تعمیر پنچائت گھروں کو جلد از جلد مکمل کر کے علاقائی عوام کو بیٹھنے کی سہولیات دستیاب کروائی جائے تاکہ مکمل شدہ پنچائت گھر کے اندر علاقائی عوام پنچائت دے میں شامل ہو کر اپنے علاقہ کی مشکلات پنچائت نمائندگان اور متعلقہ محکمہ کے سامنے رکھ سکیں مگر انتظامیہ نے ایسا نہ کر کے سرحدی خطہ کی عوام کے ساتھ بہت بڑی ناانصافی کی ہے جس کا خمیازہ خطہ کی عوام کو بھگتنا پڑ رہا ہے۔ اس دوران سردار نیاز احمد خان سابقہ سرپنچ کنڈی گلوتہ بلاک بالاکوٹ نے سرکار سے اپیل کی ہے کہ ہمارے زیر تعمیر پنچایت گھر کے کام کو جلد مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو مشکلات و مصائب کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

## کشتواڑ میں ایک بولیرو گاڑی گہری کھائی میں گرنے سے چار افراد کی موت

### وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا کا حادثے پر اظہار افسوس، لواحقین سے تعزیت کی

جموں/ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج ضلع کشتواڑ کے پڈر علاقہ سنیاس میں ایک حادثے میں چار اَفراد کی موت پر گہرے دُکھ کا اِظہار کیا ہے۔ اُنہوں نے اس واقعے کو قیمتی اِنسانی جانوں کا بڑا نقصان قرار دیتے ہوئے سوگوار کنبوں کے ساتھ دلی اِظہارِ تعزیت کی۔ اُنہوں نے دُکھ کی اِس گھڑی میں اُن کے لئے طاقت اور حوصلے کی دعا کی۔ وزیر اعلیٰ نے یقین دِلایا کہ ان کا دفتر ضلعی اِنتظامیہ کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے جو حادثے کے بعد لاپتہ ہوئے دو اَفراد کی تلاش کے لئے ہر ممکن کوشش کر رہا ہے۔ ادھر لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا نے کشتواڑ کے سنیاس علاقے کے قریب ایک سڑک حادثے میں جانوں کے ضیاع پر گہرے دُکھ کا اِظہار کیا ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے اَپنے ایک تعزیتی پیغام میں کہا ہے، "کشتواڑ میں ایک المناک سڑک حادثے کی وجہ سے جانوں کے ضیاع پر غمزدہ ہوں۔ دُکھ کی اِس گھڑی میں میری ہمدردیاں اُن لوگوں کے ساتھ ہیں جنہوں نے اَپنے عزیزوں اور پیاروں کو کھو دیا ہے۔" ادھر مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے حادثے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے لواحقین سے تعزیت کی۔ سی این آئی کے مطابق کشتواڑ کے ماسو پیڈر علاقے میں سڑک کا ایک المناک حادثہ پیش آیا جس دوران چار مسافر لقمہ اجل بن گئے جبکہ دو ہنوز لاپتہ ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ مسافر سے بھری ایک گاڑی ڈرائیور کے قابو سے باہر ہوئی اور گہری کھائی میں جا گری جس کے نتیجے میں اس میں سوار چار افراد لقمہ اجل بن گئے۔ عین شاہدین کے مطابق ایک بولیرو گاڑی گہری کھائی میں گرنے سے چار افراد کی موت ہو گئی۔ انہوں نے کہا کہ حادثہ پیش آنے کے ساتھ ہی مقامی لوگوں نے سیول و پولیس انتظامیہ کے ساتھ وہاں بچاؤ آپریشن شروع کر دیا اور چار افراد جو موقع پر ہی لقمہ اجل بن گئے کی نعشیں بازیاب کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ مرنے والوں کی شناخت راج کمار، مکیش کمار، حقیت سنگھ، اور ستیش کمار کے طور پر ہوئی ہے، سبھی گرڑھ، پدر، کشتواڑ کے رہنے والے ہیں جبکہ دو دیگر لاپتہ ہے۔

## وزیر اعلیٰ نے گورو گوبند سنگھ جی کی جینتی کے موقعہ پر دی مُبارک باد

جموں/ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے گورو گوبند سنگھ جی کی جینتی کے موقعہ پر سکھ برادری کو مُبارک باد پیش کی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے اَپنے تہنیتی پیغام میں گورو گوبند سنگھ جی کی زِندگی اور تعلیمات پر روشنی ڈالی جنہوں نے سچائی، ایمانداری اور اَپنے لوگوں سے وفاداری کی مثال پیش کی۔ اُنہوں نے کہا کہ گورو کے نظریات اور اَقدار دُنیا بھر کے لوگوں کو متاثر کرتے رہتے ہیں اور آنے والی نسلیں اُن کی قدر کریں گی۔ اِس مبارک موقعے پر وزیر اعلیٰ نے جموں وکشمیر میں امن، خوشحالی اور سکون کے لئے دعا کی اور اُمید ظاہر کی کہ اِس دن کا جذبہ تمام کمیونٹیوں کے درمیان ہم آہنگی اور اتحاد کو فروغ دے گا۔

# پور بندر ایئر پورٹ پر اندوہناک حادثہ! کوسٹ گارڈ کا ہیلی کاپٹر گر کر تباہ، تین افراد کی موت





گجرات کے پور بندر ایئر پورٹ پر کوسٹ گارڈ کا ہیلی کاپٹر گر کر تباہ ہو گیا۔ پور بندر کے ڈی ایم ایس ڈی دھنانی نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ اس حادثے میں تین افراد کی موت ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ واقعہ کی جگہ پر ریسکیو آپریشن ختم ہو چکا ہے۔ حادثے کے فوراً بعد فائر بریگیڈ اور میڈیکل کی ٹیم موقع پر پہنچی تھی۔ نیوز ایجنسی اے این آئی کی رپورٹ کے مطابق ہندوستانی بحریہ نے بتایا کہ کوسٹ گارڈ کا اے ایل ایچ دھرو ہیلی کاپٹر معمول کی تربیتی پرواز کے دوران گجرات کے پور بندر میں حادثہ کا شکار ہو گیا۔ زمین سے ٹکراتے ہی ہیلی کاپٹر میں آگ لگ گئی اور دھواں نکلنے لگا۔ اس واقعے کے بارے میں کوسٹ گارڈ نے بتایا کہ ہیلی کاپٹر میں دو پائلٹ سمیت تین جوان سوار تھے اور تینوں کی جان چلی گئی۔ اے ایل ایچ دھرو ہندوستان ایرونائکس لمیٹڈ (ایچ اے ایل) کی جانب سے بنایا گیا دو انجن والا ہیلی کاپٹر ہے۔ اسے فوج اور سیلاب جیسی ایمرجنسی ضروریات کو پورا کرنے کے مقصد سے ڈیزائن کیا گیا تھا۔ یہ 2002 سے سروس میں ہے۔ یہ ہیلی کاپٹر تلاش اور بچاؤ، نقل وحمل، اینٹی سمبرین جنگ سمیت کئی تین افراد کی موت ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ واقعہ کی جگہ پر ریسکیو

آپریشن ختم ہو چکا ہے۔ حادثے کے فوراً بعد فائر بریگیڈ اور میڈیکل کی ٹیم موقع پر پہنچی تھی۔ نیوز ایجنسی اے این آئی کی رپورٹ کے مطابق ہندوستانی بحریہ نے بتایا کہ کوسٹ گارڈ کا اے ایل ایچ دھرو ہیلی کاپٹر معمول کی تربیتی پرواز کے دوران گجرات کے پور بندر میں حادثہ کا شکار ہو

گیا۔ زمین سے ٹکراتے ہی ہیلی کاپٹر میں آگ لگ گئی اور دھواں نکلنے لگا۔ اس واقعے کے بارے میں کوسٹ گارڈ نے بتایا کہ ہیلی کاپٹر میں دو پائلٹ سمیت تین جوان سوار تھے اور تینوں کی جان چلی گئی۔ اے ایل ایچ دھرو ہندوستان ایرونائکس لمیٹڈ (ایچ اے ایل) کی جانب سے بنایا گیا دو انجن والا ہیلی کاپٹر ہے۔ اسے فوج اور سیلاب جیسی ایمرجنسی ضروریات کو پورا کرنے کے مقصد سے ڈیزائن کیا گیا تھا۔ یہ 2002 سے سروس میں ہے۔ یہ ہیلی کاپٹر تلاش اور بچاؤ، نقل وحمل، اینٹی سمبرین جنگ سمیت کئی قسم کی مہمات میں کارآمد ثابت ہوتا ہے۔ فوج، بحریہ اور فضائیہ سمیت ہندوستانی مسلح افواج نے ہیلی کاپٹر دھرو کو مختلف کرداروں کے لیے بڑے پیمانے پر تعینات کیا ہے۔ اسے نیپال، موریشس اور مالدیپ سمیت کئی ممالک کو برآمد بھی کیا گیا ہے۔ ہیلی کاپٹر کا مضبوط ڈیزائن اور مخالف موسم میں کام کرنے کی صلاحیت اسے ہندوستان کے دفاع اور ایمرجنسی خدمات کے لیے ایک اہم اثاثہ بناتی ہے۔ اس سے پہلے 2 ستمبر 2024 کو پور بندر ساحل کے قریب عرب سمندر میں انڈین کوسٹ گارڈ کا ایڈوانس لائٹ ہیلی کاپٹر گر گیا تھا۔ اس حادثے کے بعد 4 میں سے ایک کرو ممبر کو بچا لیا گیا تھا۔

# نریش بالیان پر مکوکا کیس:
## ضمانت کی درخواست پر 8 جنوری کو سماعت، 300 صفحات کی چارج شیٹ داخل

نئی دہلی۔ دہلی پولیس کے اسپیشل سیل نے مکوکا کیس میں گرفتار عام آدمی پارٹی کے ایم ایل اے نریش بالیان سے متعلق معاملے میں مبینہ ملزم ریتک عرف پیٹر کیخلاف راؤس ایونیو کورٹ میں چارج شیٹ داخل کی ہے۔ اس کا نوٹس لیتے ہوئے عدالت نے 8 جنوری کی تاریخ مقرر کی ہے۔ یہ چارج شیٹ تقریباً 300 صفحات پر مشتمل ہے۔ بالیان کی طرف سے دائر ضمانت کی درخواست پر 8 جنوری کو سماعت ہوگی۔ پچھلی سماعت میں عدالت نے دہلی پولیس کو نوٹس جاری کرتے ہوئے نریش بالیان کی طرف سے دائر ضمانت کی عرضی کا جواب دینے کو کہا تھا۔ نریش بالیان کے علاوہ جن ملزمان کیخلاف مکوکا کیس میں مقدمہ چل رہا ہے ان میں ریتک عرف پیٹر، روہت عرف انا اور سچن چکارا شامل ہیں۔ 13 دسمبر کو راؤز ایونیو کورٹ نے بالیان کو 9 جنوری تک عدالتی حراست مل ہیں۔ 13 دسمبر کو راؤز ایونیو کورٹ نے بالیان کو 9 جنوری تک عدالتی حراست میں بھیج دیا تھا۔ بالیان کو دہلی پولیس نے MCOCA کے تحت گرفتار کرلیا تھا جب اسے راؤس ایونیو کورٹ سے بھتہ خوری کے معاملے میں ضمانت مل گئی تھی۔ حال ہی میں دہلی ہائی کورٹ نے مہاراشٹر کنٹرول آف آرگنائزڈ کرائم ایکٹ (MCOCA) سے متعلق دو لوگوں کے کیس کو دوارکا کورٹ سے راؤز ایونیو کورٹ میں منتقل کرنے کا حکم دیا تھا۔ عدالت نے یہ حکم دہلی پولیس کی عرضی پر سماعت کے بعد منتقل کیا تھا۔ دہلی پولیس نے بالیان کو 4 دسمبر کو مکوکا کے تحت گرفتار کیا تھا، جس دن اسے راؤز ایونیو کی عدالت نے جبری وصولی کے معاملے میں ضمانت دی تھی۔

# غریب نوازؒ کے مزار پر کرن رجیجو نے پی ایم مودی کی چادر پیش کر کے سنایا پیغام

## خواجہ غریب نوازؒ کے عوامی بہبود کے پیغامات نے انمٹ نقوش چھوڑے ہیں: مودی



اجمیر۔ سلطان الہند خواجہ غریب نواز علیہ الرحمہ کے مزار پر پی ایم مودی کی طرف سے بھیجی گئی چادر مرکزی وزیر کرن رجیجو نے پیش کی۔ ہفتہ کی صبح ہی مرکزی وزیر کرن رجیجو پی ایم مودی کی چادر لے کر اجمیر پہنچے۔ اس موقع پر انہوں نے میڈیا اہلکاروں اور زائرین کے سامنے وزیر اعظم کا پیغام بھی پڑھ کر سنایا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اپنے پیغام میں لکھا کہ غریب نوازؒ کے 813 ویں عرس مبارک کے موقعے پر دنیا بھر میں ان کے پیروکاروں اور اجمیر شریف میں آئے سبھی زائرین کو دلی مبارکباد۔ مختلف ادوار میں ہمارے پیروں، فقیروں اور عظیم شخصیات نے اپنے نظریات سے عوام کی زندگی میں تبدیلی لائی ہے۔ اس سلسلے میں غریب نواز خواجہ معین الدین چشتیؒ کے عوامی بہبود اور بھلائی سے جڑے پیغامات نے لوگوں پر انمٹ نقوش چھولی مبارکباد۔ مختلف ادوار میں ہمارے پیروں، فقیروں اور عظیم شخصیات نے اپنے نظریات سے عوام کی زندگی میں تبدیلی لائی ہے۔ اس سلسلے میں غریب نواز خواجہ معین الدین چشتیؒ کے عوامی بہبود اور بھلائی سے جڑے پیغامات نے لوگوں پر انمٹ نقوش چھوڑے ہیں۔ ان کے لئے دنیا بھر میں لوگوں کی گہری عقیدت ہے۔ سماج میں محبت اور یکجہتی کو فروغ دینے کے لیے وقف ان کی زندگی ہماری رہنمائی کرتی رہے گی۔ ان کے سالانہ عرس کی تقریب نے آپسی میل جول کو تقویت دینے میں بڑا کردار نبھایا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ یہ موقع ملک اور سماج کی ترقی کے لیے ہر ممکن کام کرنے کی ترغیب دے گا۔ سالانہ عرس کے موقعے پر میں چادر بھیجتے ہوئے میں خواجہ معین الدین چشتی کو سلام کرتا ہوں اور اہل وطن کی کامیابی اور خوشحالی کی امید کرتا ہوں۔

# مہاراشٹر میں مبینہ 'ووٹ جہاد' اور منی لانڈرنگ کیس میں دو گرفتار

ممبئی۔ ای ڈی مالیگاؤں مبینہ ووٹ جہاد اور تقریباً 1000 کروڑ روپے کے منی لانڈرنگ کیس کی تحقیقات کر رہی ہے۔ اس معاملہ میں دو اور ملزمان کو گرفتار کیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزمان کے نام شریف میاں، امیر میاں شیخ اور محسن احمد مستقلی خلجی ہیں۔ گرفتار ملزمان پر منی لانڈرنگ کیس کے ماسٹر مائنڈ ایم ڈی کے قریبی ساتھی ہونے کا الزام ہے۔ ذرائع نے یہ بھی بتایا کہ دونوں ملزمان ایجنسیوں کی جانچ سے بچنے کے لیے دبئی فرار ہونے کی تیاری کر رہے تھے اور جب دونوں احمد آباد ایئر پورٹ پہنچے تو انہیں ای ڈی نے گرفتار کرلیا۔ دونوں ملزمان کیخلاف ایک لک آؤٹ سرکلر (ایل اوسی) جاری کیا گیا اور جب یہ لوگ ایئر پورٹ پہنچے تو ایجنسیوں کو الرٹ مل گیا۔ جس کے بعد دونوں کو گرفتار کر جب یہ لوگ ایئر پورٹ پہنچے تو ایجنسیوں کو الرٹ مل گیا۔ جس کے بعد دونوں کو گرفتار کرلیا گیا۔ منی لانڈرنگ کی تحقیقات کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ یہ دونوں ملزمان لیا گیا۔ منی لانڈرنگ کی تحقیقات کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ یہ دونوں ملزمان کیس کے ماسٹر مائنڈ ایم ڈی سے براہ راست رابطے میں تھے اور منی لانڈرنگ میں ان کا اہم کردار تھا۔ ان دونوں ملزمان کو پی ایم ایل اے 2002 کی دفعہ 19 کے تحت گرفتار کیا گیا تھا اور انہیں ممبئی پی یم ایل کورٹ میں پیش کیا گیا تھا۔ عدالت نے دونوں ملزمان کو ای ڈی کی حراست میں بھیج دیا ہے۔

# ناندیڑ بم دھماکہ کیس: 19 سال بعد آیا عدالت کا فیصلہ، تمام 13 ملزمان ہوئے بری

ممبئی/ناندیڑ۔ مہاراشٹر کے ناندیڑ ضلع میں 2006 میں ہوئے دھماکہ کیس میں اپنا فیصلہ سناتے ہوئے سیشن کورٹ نے تمام ملزمین کو بری کر دیا ہے۔ اس دھماکے کے مقدمے میں کل 13 افراد کو ملزم بنایا گیا تھا، لیکن تین کی سماعت کے دوران موت ہوگئی۔ 6 اپریل 2006 کو ناندیڑ ضلع کے پاٹ بندھارے نگر میں لکشمن راج کونڈوار کے گھر میں دھماکہ ہوا تھا۔ اس میں لکشمن کے بیٹے نریش راج کنڈوار اور اور ہمانشو کی موقع پر ہی موت ہوگئی، جبکہ تین دیگر زخمی ہو گئے۔ اس معاملے میں ''ہندو دہشت گردی'' کی اصطلاح استعمال کی گئی تھی۔ پولیس نے کل 13 ملزمان کیخلاف مختلف دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا تھا۔ بم دھماکے کی جانچ پہلے ناندیڑ پولیس نے کی، پھر اے ٹی ایس اور پھر سی بی آئی نے کی۔ ان میں سے کچھ ملزم جالنہ، پربھنی اور مالیگاؤں بم دھماکوں میں بھی ملزم تھے۔ ملزم کے وکیل نتن رنوال نے کہا کہ تفتیشی افسران نے 19 سال میں اس کیس میں کل 49 لوگوں کو بطور گواہ پیش کیا۔ آخر کار ہفتہ، 4 جنوری کو، ناندیڑ کورٹ نے اپنا فیصلہ سناتے ہوئے تمام ملزمان کو بری کر دیا۔ وکیل نتن رنوال نے کہا کہ یہ بم دھماکہ نہیں تھا، بلکہ پٹاخے کا پھٹنا تھا، یہ ایک حادثہ تھا، اس لیے عدالت نے تمام ملزمان کو بری کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملے میں 2000 صفحات کی چارج شیٹ داخل کی گئی ہے۔ ناندیڑ بم دھماکہ کیس میں ہندو دہشت گردی کی اصطلاح استعمال کی گئی تھی اور ایک ہندو مصلح پر دہشت گرد ہونے کا الزام لگایا گیا تھا۔ تاہم عدالت کے فیصلے کے بعد سب کچھ واضح ہو گیا۔ راہل پانڈے (متوفی)، لکشمن راج کونڈوار، سنجے چودھری، رام داس ملگے، ڈاکٹر امیش دیش پانڈے، ہمانشو پانسی (متوفی)، نریش راج کونڈوار (متوفی)، ماروتی واگھ، یوگیش ویڈولکر، گروراج، ملند ایکتاٹے، منگیش پانڈے، راکیش دھاوڑے کو عدالت نے بری کر دیا ہے۔ 6 اپریل 2006 کو رات 1:30 بجے پاٹ بندھارے کالونی کے ایک گھر میں اچانک زوردار آواز آئی۔ آس پاس کے لوگ موقع پر پہنچ گئے۔ اطلاع ملتے ہی بھاگیہ نگر پولیس موقع پر پہنچ گئی۔ دھماکے میں دو افراد ہلاک ہو گئے۔ دھماکے کی وجھلونی کے ایک گھر میں اچانک زوردار آواز آئی۔ آس پاس کے لوگ موقع پر پہنچ گئے۔ اطلاع ملتے ہی بھاگیہ نگر پولیس موقع پر پہنچ گئی۔ دھماکے میں دو افراد ہلاک ہو گئے۔ دھماکے کی وجہ جاننے کے لیے تحقیقات چل رہی تھی۔ پولیس نے پہلے دن پریس کانفرنس میں بتایا تھا کہ دھماکہ پٹاخوں کی وجہ سے ہوا۔ لیکن اگلے دن پولیس نے پھر پریس کانفرنس کی اور بتایا کہ یہ بم دھماکہ تھا۔

# جم ٹرینز کے قتل کا ماسٹر مائنڈ اور شارپ شوٹر دہلی پولیس کے ہاتھوں گرفتار

نئی دہلی۔ دہلی کے بدنام زمانہ عرفان چھینو گینگ کے شارپ شوٹر اور جم ٹرینز روی یادو کے قتل کے ماسٹر مائنڈ سمیر شیخ سونو بنگالی کو دہلی کرائم برانچ کی ایسٹرن رینج-1 کی ٹیم نے گرفتار کرلیا ہے۔ ملزم کو کئی ریاستوں میں لگاتار چھاپوں اور تکنیکی نگرانی کے بعد راجستھان کے اجمیر سے گرفتار کیا گیا۔ 12 دسمبر 2024 کو مشرقی دہلی کے ترلوک پوری علاقے کے ایک پارک میں 32 سالہ جم ٹرینز روی یادو کو پانچ سے دس راؤنڈ فائرنگ کر کے ہلاک کر دیا گیا تھا۔ اس معاملہ میں کلیان پوری پولیس اسٹیشن میں ایف آئی آر نمبر 775/2024 درج کی گئی تھی۔ قتل کے بعد ملزم سمیر شیخ ساتھیوں سمیت فرار ہو گیا تھا۔ آپریشن کی قیادت انسپکٹر آشیش شرما کر رہے تھے، ٹیم اے سی پی ییشپال سنگھ اور ڈی سی پی وکرم سنگھ کی نگرانی میں کام کر رہی تھی۔ ملزم سمیر شیخ سونو بنگالی (32) گیتا کالونی، دہلی کا رہنے والا ہے اور پہلے واٹر سپلائی کا کام کرتا تھا۔ بری صحبت اور نشے کی لت کی وجہ سے وہ جرائم کی دنیا میں داخل ہو گیا۔ اس نے عرفان چھینو گینگ کے ساتھ مل کر لوٹ کھسوٹ، ڈکیتی، قتل اور اقدام قتل جیسے سنگین جرائم کا ارتکاب کیا۔ 2018 میں اسے گیتا کالونی تھانے کے قتل کیس میں گرفتار کیا گیا اور چھ سال تک جیل میں رہا۔

# دہلی اسمبلی انتخاب: کالکاجی سے کانگریس امیدوار الکا لامبا کا دعویٰ، اروند کیجریوال انتخاب ہار رہے ہیں

دہلی میں ہونے والے اسمبلی انتخاب کے پیش نظر تمام سیاسی پارٹیوں نے تیاریاں شروع کر دی ہیں۔ پارٹیوں نے اپنے امیدواروں کے ناموں کا اعلان کرنا بھی شروع کر دیا ہے۔ ساتھ ہی ہی سیاسی لیڈران کے درمیان ایک دوسرے پر الزامات کا لامتناہی سلسلہ بھی شروع ہو چکا ہے۔ سیاسی پارٹیوں نے ابھی سے ہی عوام سے وعدے بھی کرنے شروع کر دیے ہیں۔ دریں اثنا کالکاجی سے کانگریس امیدوار الکا لامبا نے عآپ کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ ''اروند کیجریوال کو اپنے خلاف لہر نظر آ رہا ہے، وہ انتخاب ہارنے جا رہے ہیں۔'' ساتھ ہی انہوں نے کیجریوال ہیں۔'' ساتھ ہی انہوں نے کیجریوال کے فری کی ریوڑیوں کے حوالے سے بھی سخت تنقید کا نشانہ بنایا



ہے۔ واضح ہو کہ کانگریس نے الکا لامبا کو عآپ وزیر اعلیٰ آتشی کے خلاف اسمبلی انتخاب کے لیے کالکاجی سے میدان میں اتارا ہے۔ کانگریس لیڈر نے کہا کہ کیجریوال جس پنجاب کے نام پر دہلی کی خواتین کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ میں کیجریوال کو چیلنج کرتی ہوں کہ آپ پنجاب کے وزیر اعلیٰ بھگوت مان کو کہیں کہ وہ پنجاب کی بہنوں کو بسوں میں لے کر آئیں اور ان کے 'پاس بُک' بھی لے کر آئیں۔ جس سے یہ ثابت ہو جائے گا کہ پنجاب کی عآپ حکومت نے گزشتہ 36 ماہ کے اندر پنجاب کی بہنوں کے بینک کھاتے میں فی ماہ 1000 روپے کے حساب سے 36000 روپے ڈالے ہیں۔ الکا لامبا نے کانگریس کے ساتھ ساتھ بی جے پی پر بھی سخت حملہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ''امید ہے کہ آئندہ کل انتخابی ضابطہ اخلاق کا اعلان کیا جائے گا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے عام آدمی پارٹی کو 'آپ-دا' (مصیبت) کہا ہے۔ میں کہنا چاہتی ہوں-دا' (مصیبت) کہا ہے۔ میں کہنا چاہتی ہوں کہ دہلی کو اس مصیبت میں پہنچانے کے لیے دونوں (عآپ اور بی جے پی) ذمہ دار ہیں۔ دہلی کے لوگ کانگریس کو ایک متبادل پارٹی کے طور پر دیکھ رہے ہیں۔

# وقف املاک کی جانچ میں افسران وملازمین قصوروار پائے گئے تو ہوگی کارروائی: ڈی ایم

سنبھل۔ سنبھل میں وقف املاک کے فرضی کاغذات کے معاملے میں پولیس انتظامیہ اب سخت کارروائی کر رہی ہے۔ وقف جائیداد کی فروخت اور زمرہ تبدیل کرنے میں ملوث افسران اور ملازمین کیخلاف کارروائی کرنے کے موڈ میں ہے۔ انتظامیہ کا واضح کہنا ہے کہ تحقیقات میں جو بھی قصوروار پایا جائے گا اس کیخلاف کارروائی کی جائے گی۔ دراصل سنبھل کی شاہی جامع مسجد کے سامنے تعمیر ہونے والی پولیس چوکی کی زمین پر وقف کا دعویٰ کیا گیا تھا۔ دعویٰ کیا گیا تھا کہ پولیس چوکی وقف کی زمین پر بنائی جا رہی ہے۔ اس کے بعد ڈی ایم ڈاکٹر راجندر پنسیا کے حکم پر تین رکنی تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دی گئی۔ جس میں بلدیہ کے ایس ڈی ایم، سی او اور ای او نے وقف املاک کے کاغذات کی جانچ کی۔ جانچ میں پتہ چلا کہ وقف سے متعلق تمام دستاویزات جعلی ہیں۔ تحقیقات میں یہ بھی پتہ چلا کہ وقف نامہ بھی فرضی تھا۔ اس کے بعد بلدیہ سنبھل کے ایگزیکٹیو آفیسر ڈاکٹر منی بھوشن تیواری کی شکایت کی بنیاد پر صدر کوتوالی میں نامعلوم افراد کیخلاف ایف آئی آر درج کیا گیا۔ اب پولس انتظامیہ ان تمام وقف اراضی کی چھان بین کر رہی ہے جن کے لیے کام کیے گئے ہیں۔ خیال کیا جا رہا ہے کہ جن افسران اور ملازمین کی وقف اراضی کی ڈیڈ ہو چکی ہے ان کی فروخت اور زمرہ میں تبدیلی میں ملوث افسران اور ملازمین کیخلاف کارروائی کی جائے گی۔

# فوج کے اگنی ویر میں بھرتی کے نام پر دھوکہ دینے والا ملزم راہل گرفتار

میرٹھ۔ ایس ٹی ایف کی میرٹھ یونٹ نے ہفتہ کو ضلع میں بڑی کارروائی کی۔ آرمی انٹیلی جنس اور ایس ٹی ایف کی مشترکہ کارروائی میں اگنی ویر میں بھرتی کے نام پر دھوکہ دہی میں ملوث گروہ کے ایک رکن کو گرفتار کیا گیا ہے۔ تفتیشی ٹیم نے ملزم سے جعلی ایڈمٹ کارڈ، امیدواروں کی جعلی سلیکشن لسٹ کے ساتھ موبائل فون اور ایک کار بھی برآمد کی ہے۔ ہفتہ کو میرٹھ میں ایس ٹی ایف کے اے ایس پی برجیش کمار سنگھ نے کہا کہ فوج میں بھرتی کے نام پر دھوکہ دہی کرنے والے گینگ کے بارے میں مسلسل اطلاعات موصول ہو رہی ہیں، اس کے بعد ایس ٹی ایف نے موصول ہونے والی معلومات پر کام شروع کر دیا۔ جس کے بعد ملزم پکڑا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ ایس ٹی ایف کو آرمی انٹیلی جنس اور خصوصی مخبر سے اطلاع ملی تھی کہ ملزم راہل کمار غیر مجاز طریقے سے منافع کمانے کے مقصد سے فرضی دستاویزات کی بنیاد پر فوج میں بھرتی کے نام پر بھاری رقم کی دھوکہ دہی میں ملوث ہے۔ اطلاعات یہ بھی تھیں کہ وہ کسی وقت اپنی گاڑی میں آرمی ہسپتال کے قریب آنے والے تھے۔ اطلاع کو سنجیدگی سے لیا گیا اور مخصوص جگہ پر پہنچ کر میرٹھ ایس ٹی ایف کی ٹیم نے راہل کمار کو گرفتار کرلیا۔ ایس ٹی ایف افسران کے مطابق پوچھ گچھ کے دوران ملزم راہول نے یہ بھی اعتراف کیا ہے کہ وہ بہار کے رہنے والے راجو، سمیت اور ہریانہ کے رہنے والے سوم ویر کے ذریعے لوگوں کو متاثر کرتا تھا اور فوج میں بھرتی کے نام پر ان سے پیسے بٹورتا تھا۔ افسران کے مطابق دوران تفتیش ملزم نے بتایا کہ وہ بھرتی کے نام پر ہر نوجوان سے 50 ہزار روپے وصول کرتا ہے۔ ایس ٹی ایف کے ہاتھوں پکڑے گئے ملزم نے پوچھ تاچھ کے دوران یہ بھی اعتراف کیا ہے کہ وہ 2018 میں ریلوے گروپ ڈی کے امتحان میں دھوکہ دہی کے معاملے میں اپنے ساتھی سوم ویر وغیرہ کے ساتھ گوتم بدھ نگر میں جیل گیا تھا۔ ایس ٹی ایف افسران کے مطابق جیل سے باہر آنے کے کچھ دنوں بعد سوم ویر نے اس سے فوج میں بھرتی کے لیے لڑکوں کی فراہمی کے لیے کہا اور راجو پٹیل سے بات کرنے کو بھی کہا۔ جس کے بعد راجو پٹیل نے ان سے فی امیدوار 50-50 ہزار روپے دینے کو کہا تھا۔ اس کے بعد ملزم نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ کچھ لوگوں کو بھی راجو پٹیل سے ملایا۔ حکام کے مطابق پوچھ گچھ کے دوران راہل نے یہ بھی انکشاف کیا کہ بھرتی کے نام پر نوجوانوں سے 20 سے 30 لاکھ روپے لیے گئے جن کے ساتھ ڈیل طے پائی تھی، اس سے وہ کمیشن لیتا تھا۔ گزشتہ سال ستمبر کے مہینے میں لوگوں سے تقریباً 27 لاکھ روپے کا دھوکہ ہوا تھا۔ رقم جمع کرنے کے بعد ملزمان نوجوانوں کو جعلی جوائننگ لیٹر دے گرفتار کرلیا۔ ایس ٹی ایف افسران کے مطابق پوچھ گچھ کے دوران ملزم راہول نے یہ بھی اعتراف کیا ہے کہ وہ بہار کے رہنے والے راجو، سمیت اور ہریانہ کے رہنے والے سوم ویر کے ذریعے لوگوں کو متاثر کرتا تھا اور فوج میں بھرتی کے نام پر ان سے پیسے کہ وہ بہار کے رہنے والے راجو، سمیت اور ہریانہکہ وہ بہار کے رہنے والے راجو، سمیت اور ہریانہ کے رہنے والے سوم ویر کے ذریعے لوگوں کو متاثر کرتا تھا اور فوج میں بھرتی کے نام پر ان سے پیسے بٹورتا تھا۔ افسران کے مطابق دوران تفتیش ملزم نے بتایا کہ وہ بھرتی کے نام پر ہر نوجوان سے 50 ہزار روپے وصول کرتا ہے۔ ایس ٹی ایف کے ہاتھوں پکڑے گئے ملزم نے پوچھ تاچھ کے دوران یہ بھی اعتراف کیا ہے کہ وہ 2018 میں ریلوے گروپ ڈی کے امتحان میں دھوکہ دہی کے معاملے میں اپنے ساتھی سوم ویر وغیرہ کے ساتھ گوتم بدھ نگر میں جیل گیا تھا۔ ایس ٹی ایف افسران کے مطابق جیل سے باہر آنے کے کچھ دنوں بعد سوم ویر نے اس سے فوج میں بھرتی کے لیے لڑکوں کی فراہمی کے لیے کہا اور راجو پٹیل سے بات کرنے کو بھی کہا۔ جس کے بعد راجو پٹیل نے ان سے فی امیدوار 50-50 ہزار روپے دینے کو کہا تھا۔ اس کے بعد ملزم نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ کچھ لوگوں کو بھی راجو پٹیل سے ملایا۔ حکام کے مطابق پوچھ گچھ کے دوران راہل نے یہ بھی انکشاف کیا کہ بھرتی کے نام پر نوجوانوں سے 20 سے 30 لاکھ روپے لیے گئے جن کے ساتھ ڈیل طے پائی تھی، اس سے وہ کمیشن لیتا تھا۔ گزشتہ سال ستمبر کے مہینے میں لوگوں سے تقریباً 27 لاکھ روپے کا دھوکہ ہوا تھا۔



الّو ارجن کو عدالت کی ہدایت، چارج شیٹ داخل ہونے تک ہر 'اتوار' کو پولیس تھانے میں دینی ہوگی حاضری

## سیم کونسٹاس کے خلاف ہندوستانیوں کا رویہ پسند نہیں آیا: میکڈونلڈ



سڈنی، (یو این آئی) آسٹریلوی کوچ اینڈریو میکڈونلڈ نے کہا کہ وہ سام کونسٹاس کے خلاف ہندوستانی کھلاڑیوں کے رویے کو پسند نہیں کرتے ہیں۔قابل ذکر ہے کہ گواسکر بارڈر ٹرافی کی موجودہ سیریز کے پانچویں اور آخری ٹیسٹ میچ کے پہلے دن کے آخری لمحات میں کونسٹاس اور ہندوستانی کپتان جسپریت بمراہ کے درمیان بحث ہوگئی تھی۔ اس بحث کے دوگیندوں کے بعد بمراہ نے خواجہ کو دن کی آخری گیند پر آؤٹ کر دیا تھا۔وکٹ لینے کے بعد بمراہ دوڑ کر کونسٹاس کے پاس پہنچے اور انہیں گھورا جس کے بعد ٹیم کے دیگر ارکان نے جشن منایا۔میکڈونلڈ نے کہا کہ ہندوستان نے جس طرح سے اس وکٹ کا جشن منایا وہ کافی خوفناک تھا۔ حالانکہ یہ کھیل کے اصولوں کے اندر تھا۔یہاں کوئی الزام نہیں لگایا جارہا ہے لیکن مخالف ٹیم کا اس طرح نان اسٹرائیکر کے گرد جمع ہونا شاید ٹھیک نہیں تھا۔بلے باز کی ذہنی حالت کو یقینی بنانا ہماری ذمہ داری ہے تاکہ وہ میدان پر اچھی کارکردگی دکھا سکے۔انہوں نے کہا،" یہ ضوابط کے دائرے میں تھا، کیونکہ اس کے لیے کوئی جرمانہ یا سزا نہیں دی گئی۔اس لیے میں اسے آئی سی سی، اینڈی پائکرافٹ (میچ ریفری) اور میدان میں موجود امپائرز پر چھوڑتا ہوں۔ اگر وہ اسے تسلی بخش سمجھتے ہیں تو ٹھیک ہے۔'' قابل ذکر ہے کہ کونسٹاس نے ہفتہ کو دوسرے دن 23 رنز بنائے، جس میں بمراہ کے خلاف سیدھی ڈرائیو اور ڈیپ تھرڈ کی طرف اسکوپ شاٹ بھی شامل تھا۔اس کے بعد وہ محمد سراج کی گیند پر سلپ میں کیچ آؤٹ ہو گئے۔ بمراہ، جب کونسٹاس کا وکٹ گراتو بمراہ مڈآن پر فیلڈنگ کر رہے تھے، وکٹ گرنے کے بعد فوری طور پر ہندوستانی کھلاڑیوں کے گروپ کی طرف نہیں بڑھے اور اس کے بجائے وہ کونسٹاس کی سمت چلتے ہوئے نظر آئے۔دن کے کھیل کے اختتام پر پریس کانفرنس میں ہندوستانی فاسٹ باؤلر پرسدھ کرشنا نے کہا،"ہم ان کے کھیلنے کے انداز سے لطف اندوز ہوتے ہیں اور ہم بھی جارحانہ انداز میں کھیلنا پسند کرتے ہیں۔اگر ہمارے سامنے کوئی کہتا ہے کہ میں تمہارا سامنا کرسکتا ہوں، تو ایک ٹیم کے طور پر ہم یہ دکھانا چاہتے ہیں کہ ہم یہاں ہیں اور ہمیں ملکے میں نہ



بارڈر گواسکر ٹرافی؛ منتظمین نے بھارتی کرکٹر کو اسٹیج پر کیوں نہ بلایا؟

## مانڈویہ نے پوربندر میں 'فٹ انڈیا سنڈے آن سائیکل' کی قیادت کی

نئی دہلی، 5 جنوری، (یواین آئی) نوجوانوں کے امور اور کھیل کود اور محنت وروزگار کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویہ نے آج گجرات کے پوربندر میں اپنے انتخابی حلقہ اپلیٹا میں 'فٹ انڈیا سنڈے آن سائیکل' کی پہل کی قیادت کی۔ایک سو پچاس سے زیادہ سائیکل سواروں نے ڈاکٹر مانڈویہ کے ہمراہ میونسپل آرٹس اینڈ کامرس کالج سے لے کر اُپلیٹا کے تعلقہ اسکول کرکٹ گراؤنڈ تک 5 کلومیٹر سائیکلنگ کا فاصلہ طے کیا۔'فٹ انڈیا سنڈے آن سائیکل' کے تیسرے ہفتے میں اولمپک تمغہ جیتنے والی لولینا بورگوہین اور سابق کامن ویلتھ ہیوی ویٹ ریسلنگ چیمپئن سنگرام سنگھ نے سائیکلنگ کی تحریک میں اپنی حمایت کا وعدہ کیا۔درحقیقت، اب تک اس پہل کا انعقاد ملک بھر میں 2500 سے زیادہ مقامات پر کیا گیا ہے جب سے اسے ڈاکٹر مانڈویہ نے گزشتہ ماہ شروع کیا تھا۔ڈاکٹر مانڈویہ نے گجرات میں کہا ''سائیکلنگ آلودگی کا حل ہے۔ یہ صحت کا منتر ہے۔ ہر ایک کو سائیکل چلانا چاہیے کیونکہ یہ ہر کسی کو فٹ رکھنے کے لیے فائدہ مند ہے۔آپ ایک گروپ بنا سکتے ہیں اور ایک ساتھ سائیکل چلا سکتے ہیں۔ میں ہر کسی کو فٹ انڈیا کی ویب سائٹ اور ایپ پر رجسٹر کرنے اور ہمارے معزز وزیر اعظم نریندر مودی جی کے وژن کے بعد اتوار کو سائیکل موومنٹ کا حصہ بننے کا مشورہ دوں گا۔ برائے مہربانی اپنے آپ کو اپلیٹا سائیکلنگ کلب کے طور پر رجسٹر کریں۔ جب میں اپلیٹا میں رہوں گا تو میں بھی آپ کے ساتھ سائیکل چلاوں گا''۔وزیر اعظم نریندر مودی نے شہریوں میں صحت منداور فعال طرز زندگی کو فروغ دینے کے مقصد کے ساتھ 2019 میں 'فٹ انڈیا' پہل کی شروعات کی تھی۔اس ہفتے کا تھیم منشیات کے خلاف سماجی مہم کے ساتھ، سنگرام سنگھ نے 500 سے زیادہ سائیکل سواروں کی قیادت کی جن میں ہندوستانی فوج کے سپاہی، اسپورٹس اتھارٹی آف انڈیا (ایس اے آئی) کے کیمپرز اور سینئر حکام اور مختلف سائیکلنگ کلبوں جیسے جائنٹ سائیکل کلب وغیرہ کے سائیکل سوار شامل ہیں۔قومی دارالحکومت میں سائیکل سواروں نے میجر دھیان چند نیشنل اسٹیڈیم سے کرتویہ پاتھ اور پھر وجے چوک تک سواری کی۔سنگرام سنگھ نے سواری کے لیے سائیکل اٹھانے سے پہلے کہا ''میں نے ہمیشہ یقین کیا ہے کہ صحت ہی واحد دولت ہے۔ ہمارا جسم ایک مندر ہے اور ہمیں منشیات کا استعمال کرکے اپنے جسم کا غلط استعمال نہیں کرنا چاہئے۔ اس کے علاوہ، صحت کو بہتر بنانے کے لیے سائیکلنگ بہترین سرگرمیوں میں سے ایک ہے۔

## نیوزی لینڈ نے پہلے ایک روزہ میچ میں سری لنکا کو نو وکٹوں سے شکست دی

ویلنگٹن، 5 جنوری (یواین آئی) میٹ ہنری (چار وکٹ) کی قیادت میں گیند بازوں کی شاندار کارکردگی کے بعد ول ینگ (90 ناٹ آؤٹ) رنوں کی بہترین اننگ کی بدولت نیوزی لینڈ نے اتوار کو پہلے ایک روزہ میچ میں سری لنکا کو 142 گیند باقی رہتے ہوئے 9 وکٹوں سے شکست دے دی، اس کے ساتھ ہی نیوزی لینڈ نے تین میچوں کی سیریز میں 1-0 کی برتری حاصل کر لی ہے۔19 رنز دے کر چار وکٹیں لینے والے نیوزی لینڈ کے میٹ ہنری کو'پلیئر آف دی میچ' سے نوازا گیا۔سری لنکا کے 178 رنز کے جواب میں بلے بازی کرنے اتری نیوزی لینڈ کی ول ینگ اور راچن رویندرا کی اوپننگ جوڑی نے عمدہ آغاز کیا اور پہلے وکٹ کے لیے 93 رنز جوڑے۔ 13 ویں اوور میں چامینڈو وکرماسنگھے نے راچن رویندرا کو ہسرنگا کے ہاتھوں کیچ آؤٹ کروا کر اس شراکت کو توڑا۔راچن رویندرا نے 36 گیندوں میں چھ چوکے اور ایک چھکا لگاتے ہوئے پر 45 رنز کی اننگ کھیلی۔اس کے بعد بیٹنگ کے لیے آنے والے مارک چیپ مین نے ول ینگ کے ساتھ مل کر شاندار بلے بازی کا مظاہرہ کرتے ہوئے دوسرے وکٹ کے لئے ناقابل شکست 87 رنز جوڑ کر اپنی ٹیم کو صرف 26.2 اوورز میں 180 رنز بنا کر نو وکٹوں سے جیت دلادی۔ول ینگ 86 گیندوں (90) اور مارک چیپ مین 36 گیندوں (29) رن بنا کر پر ناٹ آؤٹ رہے۔سری لنکا کی جانب سے واحد وکٹ چامینڈو وکرماسنگھے نے حاصل کی۔اس سے قبل آج نیوزی لینڈ نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کا فیصلہ کیا۔ بلے بازی کرنے اتری سری لنکا کی شروعات انتہائی خراب رہی اور اس نے 23 کے اسکور پر اپنی چار وکٹیں گنوادیں۔ پاتھم نسانکا (9)، کوسل مینڈس (2)، کامندو مینڈس (تین) اور کپتان چارتھ اسالنکا (صفر) پر آؤٹ ہوئے۔ اس کے بعد بیٹنگ کے لیے آئے جنیت لیاناگے نے اویشکا فرنینڈو کے ساتھ مل کر اننگ کو سنبھالا۔مچل سینٹنر نے 26 ویں اوور میں لیاگن (36) کو آؤٹ کر کے اس شراکت داری کو توڑا۔اس کے بعد اسمتھ نے اویشکا فرنینڈو 63 گیندوں میں 56 رنز کو آؤٹ کر کے پویلین بھیج دیا۔



## چہل اور دھن شری کو انسٹاگرام پر ایک دوسرے کو کیا اَن فالو

نئی دہلی، (آئی این ایس انڈیا) کرکٹر یوزویندر چہل اور ان کی اہلیہ دھن شری ورما کے درمیان تعلقات میں تلخی آ گئی ہے۔ طلاق کی افواہوں کے درمیان، دونوں نے ایک دوسرے کو انسٹاگرام پر ان فالو کر دیا ہے۔ یوزویندر نے دھناشری کے ساتھ تمام تصاویر بھی ڈیلیٹ کر دی ہیں۔ دھناشری نے یوزویندر کو ان فالو کر دیا ہے، لیکن ان کی تصویریں نہیں ہٹائی ہیں۔ ٹائمز آف انڈیا کے ذرائع نے کہا ہے کہ طلاق کی افواہیں درست ہیں۔ذرائع نے بتایا کہ 'طلاق حتمی ہے، صرف رسمی اعلان ہونا باقی ہے۔علیحدگی کی اصل وجہ تا حال واضح نہیں ہے تاہم دونوں نے علیحدگی کا فیصلہ کرلیا ہے۔ یہ خبریں 2023 میں شروع ہوئیں جب دھن شری نے اپنے انسٹاگرام نام سے چہل لفظ ہٹا دیا۔ایک دن بعد یوزویندر نے ایک پراسرار انسٹاگرام اسٹوری پوسٹ کی، جس میں لکھا تھا کہ، ایک نئی زندگی شروع ہو رہی ہے۔اس وقت یوزویندر نے ان افواہوں کو مسترد کرتے ہوئے ایک نوٹ جاری کیا تھا۔ انہوں نے اپنے مداحوں سے کہا تھا کہ وہ ایسی افواہوں پر یقین نہ کریں اور نہ ہی ان افواہوں کے نشر و اشاعت میں حصہ لیں۔ یوزویندر اور دھن شری کی شادی 11 دسمبر 2020 کو ہوئی تھی۔ جھلک دکھلا جا 11 میں دھن شری نے چہل کے ساتھ اپنی ''پریم کہانی'' کہانی بتائی تھی۔ انہوں نے کہا کہ لاک ڈاؤن کے دوران کوئی میچ نہیں ہو رہا تھا اور تمام کرکٹرز گھر بیٹھے بور ہو رہے تھے۔ اسی دوران ایک دن چہل نے ڈانس سیکھنے کا فیصلہ کیا۔ اس نے سوشل میڈیا پر میرے ڈانس کی ویڈیوز دیکھی تھیں۔ پہلے میں ڈانس سکھاتی تھی، اس نے ڈانس سیکھنے کے لیے مجھ سے رابطہ کیا، اور میں نے اس کے ہامی بھر لی۔



## ہندوستان کو شکست دے کر آسٹریلیا ڈبلیو ٹی سی کے فائنل میں

سڈنی، 5 جنوری (یواین آئی) اسکاٹ بولینڈ (چھ وکٹ) کے بعد عثمان خواجہ (41)، بوویبسٹر (39 ناٹ آؤٹ) اور ٹریوس ہیڈ (34) کی شاندار اننگز کی بدولت آسٹریلیا نے اتوار کو پانچویں اور آخری ٹیسٹ میچ میں ہندوستان کو چھ وکٹوں سے شکست دے کر ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ (ڈبلیو ٹی سی) کے فائنل میں پہنچ گئی ہے۔آج یہاں، ہندوستان کے اسٹار تیز گیند باز جسپریت بمراہ نے کمر کی جکڑن کی وجہ سے آسٹریلیا کی دوسری اننگ میں گیند بازی نہیں کی اور آسٹریلیا نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پانچویں ٹیسٹ میچ میں جیت درج کرتے ہوئے بارڈر۔گاوسکر ٹرافی بھی 3-1 سے اپنے نام کر لی ہے۔ آسٹریلیا نے 10 سال بعد بارڈر گواسکر ٹرافی دوبارہ اپنے نام کر لی ہے۔ اسکاٹ بولینڈ'پلیئر آف دی میچ' جبکہ جسپریت بمراہ کو'پلیئر آف دی سیریز' کا ایوارڈ دیا گیا۔162 رنز کے ہدف کا تعاقب کرنے اتری آسٹریلیا کے لئے سیم کونسٹاس اور عثمان خواجہ کی اوپننگ جوڑی نے عمدہ آغاز کیا اور پہلے وکٹ کے لیے 39 رنز جوڑے۔ چوتھے اوور میں پرسدھ کرشنا نے کوسٹان (22) کو آؤٹ کر کے ہندستان کو پہلی کامیابی دلائی۔اس کے بعد مارنس لیبوشگن (چھ) اور اسٹیو اسمتھ (چار) کو بھی پرسدھ کرشنا نے اپنا شکار بنایا۔ آسٹریلیا کا چوتھا وکٹ عثمان خواجہ (41) کی صورت میں 104 کے اسکور پر گرا۔انہیں محمد سراج نے آؤٹ کیا۔اس کے بعد ٹریوس ہیڈ (34 ناٹ آؤٹ) اور بو ویبسٹر (39 ناٹ آؤٹ) نے شاندار بلے بازی کا مظاہرہ کیا۔آسٹریلیا نے 27 ویں اوور میں چار وکٹوں پر 162 رنز بنانے کے بعد چھ وکٹوں سے میچ جیت لیا۔ہندستان کی جانب سے پرسدھ کرشنا نے تین وکٹیں حاصل کیں۔ ایک کھلاڑی کو محمد سراج نے آؤٹ کیا۔اس سے پہلے ہندوستان نے کل چھ وکٹ پر 141 رنز سے آگے کھیلنا شروع کیا۔

## گمبھیر نے روہت اور وراٹ کا دفاع کیا

سڈنی، 5 جنوری (یواین آئی) ہندوستانی ٹیم کے ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر نے کپتان روہت شرما اور وراٹ کوہلی کا دفاع کرتے ہوئے کھیل کے تئیں ان کے عزم اور جذبے کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ ان میں کرکٹ کے تئیں ابھی کافی بھوک باقی ہے اور وہ مستقبل میں جو بھی فیصلہ کریں گے وہ ہندوستانی کرکٹ کے مفاد میں ہوگا۔میچ کے بعد پریس کانفرنس میں گمبھیر نے کہا ''میں کسی کھلاڑی کے مستقبل کے بارے میں بات نہیں کرسکتا۔ یہ ان پر منحصر ہے۔ہاں میں یہ ضرور کہہ سکتا ہوں کہ ان دونوں میں ابھی بہت زیادہ بھوک باقی ہے، ان میں جذبہ ہے اور دونوں ذہنی طور پر کافی مضبوط کھلاڑی ہیں۔ لیکن جیسا کہ ہم سب جانتے ہیں، وہ جو بھی فیصلہ لیں گے وہ ہندوستانی کرکٹ کے مفاد میں ہوگا۔

**Notice**


**In The Court of**
**Exective Magistrate(Ukhral)**

That the DOB of Abdul Rasid Sheikh S/o Habibuallah Sheikh R/o Kunda Pogal Teh Pogal Paristan Dist Ramban is 07/08/1969
2.Fatima Begum W/o Abdul Rasid Sheikh DOB 04/03/1971
3.Abdul Salam Sheikh S/o Abdul Rasid Sheikh DOB 03/04/1995
4.Maryama Begum W/o Abdul Salam Sheikh DOB 03/05/1995
5.Tesleema Banoo D/o Abdul Rasid Sheikh DOB 02/01/2003
6.Mohd Addil Sheikh S/o Abdul Rasid Sheikh DOB 01/03/997
7.Humaira Rasid D/o Abdul Rasid Sheikh DOB 10/03/2015
8.Mahnaza Banoo D/o Abdul Rasid Sheikh DOB 09/03/2009
9.Asif Rasid S/o Abdul Rasid Sheikh DOB 04/12/2005
Which aren't in Chokidar record and Hospital record.Objection if any, can be filed with Exective Magistrate within 7 days of publication of this Notice, no objection will be entertained after that.

**Sd/**
**Tehsildar Exective Magistrate**
**1ST Class Pogal Paristan**
















Printed, Published, Edited and Owned by Raghunandan Kumar, Executive Editor: Bharat Gupta, Printed at Kanhya Offset Printing Press, 42, Mast Garh, Peer Khoo Road, Jammu and Published from Q. No. 24/25 Sarwal Colony, Jammu. Contact No. 0191-2572550, 2572578